# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: پیارا وطن (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، گتے کا ڈبا، چارٹ کے بنے ہوئے مٹر کے دانے، مختلف رنگوں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ سبق "نئے الفاظ" میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آرہے ہوں۔
- اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔ اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہو الفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 40 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "جاں فزا" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اور اس کا معنی لکھیں: دِل خوش کرنے والا۔

- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے 4 گروہ بنادیں۔ چارٹ کے بنے ہوئے 4 مٹر لیں جن کے اندر دو مٹر کے دانے ہوں۔ ایک دانے پر کتاب کے صفحہ نمبر 92 پر دیے گئے الفاظ میں سے ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ مٹر ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی مٹر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو مٹر آیا ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، مٹر کے باقی دو دانوں یا دانے پر اس لفظ کے معانی لکھیں اور نیچے پھلی میں اس لفظ پر مبنی جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔ سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کردیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 92 پر دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور ان پر مبنی جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں اور سوال نمبر 3 کتاب پر حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
| --- | --- | --- | --- |
| جاں فزا | | لہکتے | |
| خُوش نُما | | اُلفت | |
| بھر پُور | | گھٹائیں | |
| مہکنا | | گویا | |

**سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

۱۔ نظم میں شاعر نے اپنے وطن کو کن کن چیزوں سے تشبیہ دی ہے؟

جواب: ______

۲۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو کون کون سی نعمتیں عطا کی ہیں؟

جواب: ______

۳۔ ”ہے جنت کا گویا نظارہ وطن“ سے کیا مراد ہے؟

جواب: ______

۴۔ آپ کو اپنے وطن سے کتنی محبت ہے؟

جواب: ______

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: پیارا وطن (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔
کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "سوم"، کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج نظم "پیارا وطن" سے متعلق مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار نظم کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کو تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں (Strips) دیں، جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو مصرعے پر کرنے کے لیے تین تین لفظوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران مین بورڈ پر وہی ادھورے مصرعے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ تختہ تحریر پر لکھے ہوئے مصرعوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا مصرع آیا تھا، پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر مصرع مکمل کرے اور اس کا اگلا مصرع بتا کر شعر مکمل کرے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- جماعت کے دو گروہ بنالیں دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- گروہ 'الف' کو کالم الف پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- گروہ 'ب' کو کالم ب پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- اب کالم الف کے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک پرچی کھول کر اس میں موجود مصرع اور بلند آواز سے پڑھیں۔
- اس کے جواب میں اس شعر کا دوسرا مصرع گروپ 'ب' کے جس بچے کے پاس موجود ہے وہ کھڑا ہو جائے اور مصرع پڑھ کر شعر مکمل کرے۔ اسی طرح تمام مصرعوں سے اشعار کی تکمیل کروائیں۔
- اس سرگرمی کے بعد بچوں سے کتاب کا کام مکمل کروائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر نامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

حرف جوڑ کر لفظ بنائیں اور مصرعے مکمل کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | ہے جنّت کا __________ ہمارا وطن | ٹ ک ڑ ا |
| ب | ہے __________ کا گویا نظّارہ وطن | ج ن ن ت |
| ج | یہ باغوں کے __________ مہکتے ہوئے | م ن ظ ر |
| د | کِسی سے نہیں اِتنی __________ ہمیں | اُ ل ف ت |
| ہ | ہے جِتنی وطن سے __________ ہمیں | م ح ب ب ت |

کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| نہ ہو کیوں ہمیں | خُوش نُما کِس قدر |
| پہاڑ اِس کے ہیں | لہکتے ہُوئے |
| سَماں اِس کا ہے | مہکتے ہُوئے |
| یہ سَرسبز جنگل | جاں سے پیارا وطن |
| یہ باغوں کے منظر | جاں فِزا کِس قدر |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: ہمارے موسم (دہرائی) | |

**مقاصد:** سبق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مار کر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) نئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| آبی | | اِہتمام | |
| بِھینی بِھینی | | خُنکی | |
| زرِمُبادَلَہ | | شِدّت | |
| نِت نئے | | وَسط | |

(ب) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ سردی سے بچنے کے لیے لوگ کن چیزوں کا استعمال کرتے ہیں؟

___

۲۔ فروری کے آخر میں پاکستان میں کون سا موسم شروع ہوتا ہے؟

___

۳۔ پاکستان میں پت جھڑ کے موسم میں کیا تبدیلیاں آتی ہیں؟

___

۴۔ پاکستان کی اہم فصلوں کے نام بتائیں۔

___

(ج) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

الف اللہ تعالیٰ نے پاکِستان کو بَہُت سی نعمتوں سے نوازا ہے۔ ☐

ب موسمِ بہار میں درختوں اور پَودوں پر نت نئے پُھول کھلتے ہیں۔ ☐

ج پُھولوں کی بِھینی بِھینی خوش بُو ہر طرف پَھیل جاتی ہے۔ ☐

د ستمبر اور اکتوبر کے مہینوں میں بارشیں ہوتی ہیں۔ ☐

ہ پَت جَھڑ کے موسم میں درختوں اور پَودوں کے پتّے جَھڑ جاتے ہیں۔ ☐

(د) خط کشیدہ الفاظ کے متضاد لکھ کر جملے مکمل کریں۔

الف اِسلام میں کسی گورے کو ________ پر فوقیّت حاصل نہیں ہے۔

ب اِسلامی معاشرے میں مرد اور ________ کے حقُوق برابر ہیں۔

ج دِن کے وقت کام اور ________ کے وقت آرام کرنا چاہیے۔

د ہمیں دوست ہو یا ________ ہر ایک سے اچّھا سلُوک کرنا چاہیے۔

ہ زمین و ________ کی بادشاہت صِرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ہمدردی (دہرائی) | |

**مقاصد:** سبق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ سبق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ بلبل کیوں اُداس تھا؟

________________________________

۲۔ بلبل کی آہ وزاری کس نے سنی؟

________________________________

۳۔ جگنو نے کس طرح بلبل کی مدد کی؟

---

۴۔ دُنیا میں کون لوگ اچھے ہیں؟

---

(ب) دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| آشیاں | | آہ و زاری | |
| اگرچہ | | ٹَہنی | |
| جہاں | | چھانا | |
| شَجر | | مَشعَل | |

(ج) کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| کہتا تھا کہ رات | دِن گُزارا |
| سُن کر بُلبُل کی | رات ہے اَندھیری |
| کیا غم ہے جو | سر پہ آئی |
| اُڑنے چُگنے میں | ہی سے بولا |
| جُگنو کوئی پاس | آہ و زاری |

(د) درست لفظ چن کر مصرعے مکمل کریں۔

راہ — دِن — دِیا — مدد — آشیاں

الف) اُڑنے چُگنے میں ________ گُزارا

ب) پہنچوں کِس طرح ________ تک

ج) حاضِر ہُوں ________ کو جان و دِل سے

د) مَیں ________ میں روشنی کروں گا

ہ) چمکا کے مُجھے ________ بنایا

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | اسباق کے نام: شہیدِ وطن، گداگری معاشرتی مسئلہ (دہرائی) | |

**مقاصد:** اسباق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- بورڈ پر الفاظ معنی کا کالم بنائیں اور بچوں کی جانب سے دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ اسباق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:** (5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ راشد منہاس کب پاک فضائیہ کا حصہ بنے؟

________________________________

۲۔ راشد منہاس نے طیارے کے رُخ زمین کی طرف کیوں موڑ دیا؟

________________________________

۳۔ چوک میں لوگ کیوں جمع تھے؟

۴۔ کوئی سے تین معاشرتی مسائل کے نام لکھیں۔

(ب) دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| گداگر | | پُختہ | |
| مُستحق | | اَفسردہ | |
| بوکھلانا | | کُوچ کرنا | |
| تاریخ رقم کرنا | | تنہا | |

(ج) درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط سے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

الف راشِد مِنہاس کو جنگوں کے موضوع پر لِکھی جانے والی کِتابیں پڑھنا پسند تھیں۔ ☐

ب راشِد مِنہاس ۱۹۵۴ء کو کراچی میں پَیدا ہُوئے۔ ☐

ج تمام پائلٹ اَفسران کو جوڑیوں کی شکل میں پرواز کرنا تھی۔ ☐

د طیّارہ بھارت لے جانے والے غدّار کا نام مطیع الرحمٰن تھا۔ ☐

ہ طیّارہ زور دار دھماکے سے تباہ ہو گیا۔ ☐

(د) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف عالیہ اور احمد واپس آ رہے تھے:

i اِسکول سے ii نانی جان کے گھر سے iii چچا جان کے گھر سے

ب ہمیں گداگروں کو دینی چاہئیں:

i پہننے کی چیز ii کھانے کی چیز iii پِینے کی چیز

ج بچّوں سے مزدُوری کروانا مسئلہ ہے:

i گھریلو مسئلہ ii نفسیاتی مسئلہ iii مُعاشرتی مسئلہ

د ہمیں احترام کرنا چاہیے:

i شہری قوانین کا ii مُلکی قوانین کا iii خاندانی قوانین کا

ہ مُعاشرے کا مطلب ہے:

i مِل جُل کر زندگی بسر کرنا ii اکیلے زندگی بسر کرنا iii ہر وقت خُوش رہنا

و دونوں بچّوں نے شُکریہ ادا کِیا:

i اَمّی جان کا ii نانی جان کا iii دادا جان کا

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | اسباق کا نام: کامیابی کا راز، پیارا وطن (دہرائی) | |

**مقاصد:** اسباق کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اُردو جماعت اول کی کتاب، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس کو بورڈ پر لکھیں اور کانٹ چھانٹ کر کے غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(8منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ اسباق کی دہرائی کرنے جا رہے ہیں۔ تاکہ امتحان کے لیے ان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- تمام سوالات کی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد بچوں کو ورک شیٹ دیں اور ورک شیٹ حل کرنے کے لیے مقررہ وقت دیں۔

**اعادہ:** N/A

**جائزہ:**(5منٹ) ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

## ورک شیٹ

**20منٹ**

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بے حال | | دَر بدر | |
| دھیان | | رحم دِل | |
| بھر پُور | | گھٹائیں | |
| مہکنا | | گویا | |

(ب) سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ چیونٹی نے کویل کو کیا نصیحت کی؟

۲۔ موسم سرما میں کویل کی کیا حالت تھی؟

۳۔ نظم میں شاعر نے اپنے وطن کو کن کن چیزوں سے تشبیہ دی ہے؟

۴۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو کون کون سی نعمتیں عطا کی ہیں۔

(ج) کالم الف کو کالم ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| نہ ہو کیوں ہمیں | خُوش نُما کس قدر |
| پہاڑ اِس کے ہیں | لہکتے ہُوئے |
| سَماں اِس کا ہے | مہکتے ہُوئے |
| یہ سَرسَبز جنگل | جاں سے پیارا وطن |
| یہ باغوں کے منظر | جاں فِزا کس قدر |

(د) دیے گئے الفاظ کے جملے بنا کر لکھیں۔

وطن | جنّت | باغ | رحمت | دولت